گوشہ تعارف و تبصرہ کتب

کتاب کا نام : تفسیر روح القرآن (جلد اول)

مصنف : زیر نگرانی مفتی محمد نعیم

ناشر : مکتبۃ الجامعۃ النبوریہ العالمیہ سائٹ کراچی ۲۰۰۷ء

قیمت و صفحات: قیمت درج نہیں ۸۰۰ صفحات

مفتی محمد نعیم صاحب کی شخصیت ہمہ جہت ہے جامعہ بنوریہ آپ کی سرپرستی و توجہ سے عظیم سے عظیم تر ہوگیا ہے۔ شعبہ تصنیف و تالیف نے آپ کی زیر نگرانی متعدد اہم علمی خدمات انجام دی ہیں انہی میں سے ایک عظیم خدمت اس تفسیر کی تیاری ہے مناسب ہوتا ان علماء کے نام بھی لکھدیے جاتے جنھوں نے اس کی تیاری میں رات دن صرف کیے۔

پوری تفسیر چار کلر میں ہے تفسیر کو اس کے شایان شان انداز میں شائع کیا گیا ہے جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے پروف ریڈنگ کی غلطیاں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ تفسیر کے

آغاز میں تیس صفحات پر شاندار مقدمہ اور تفصیلی فہرست مضامین جیسی تفسیری اسلوب۔ ہر آیات کے نیچے بامحاورہ ترجمہ پیش کیا گیا ہے پھر "الفاظ کے معنی" کے نام سے متعلقہ آیات کے جملہ اہم الفاظ سبز کلر میں اور ترجمہ بلیک کلر میں لکھا ہے پھر "مفہوم آیات" کے عنوان سے متعلقہ آیات کی مختصر تشریح بیان کی ہے۔ تشریح میں آیات کے جملے سبز کلر میں جبکہ تشریح کالے کلر میں لکھی گئی ہے عربی کے الفاظ کا انگریزی متبادل بھی جگہ جگہ تحریر کردیا گیا ہے۔ "آخر میں تشریح" کا عنوان قائم کر کے متعلقہ آیات کی تفصیلی تشریح بیان کی گئی ہے۔ تفسیر میں اردو عربی کی متداول تفاسیر سے استفادہ کرنے کے ساتھ فقہی مصادر سے بھی استفادہ کیا گیا ہے اور مختصر انداز میں فقہی احکامات بیان کیے گئے ہیں تفسیر متوازن وجدیدیت کا شاہکار ہے۔ تفسیر میں عنوان کے لئے نیلے کلر کا استعال کیا گیا ہے اس کی دوسری جلد بھی انہی خوبیوں کے ساتھ شائع ہوگئی ہے۔

خلاصہ کلام یہ کہ تفسیر عوام اور اہل علم کے لئے یکساں مفید ہے اس میں جدید تعلیم یافتہ